نقد و نظر

۱۔ حدود اللہ

تالیف : ابراہیم احمد الوقفی

ناشر : دار العلم، ۲۲۳ آب پارہ مارکیٹ، اسلام آباد

کتابت، طباعت، کاغذ بہترین۔ صفحات ۳۰۰۔ قیمت ۵۳ روپے

یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور اپنے موضوع میں نہایت واضح ہے۔ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے، اس میں حدود اللہ کی تفصیل بیان کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ جو شخص ان جرائم کا ارتکاب کرتا ہے، شریعتِ اسلامی کی رو سے وہ کس سزا کا مستحق ہے۔ مثلاً اس میں فاضل مصنف نے (۱) زنا (۲) قذف (۳) شراب (۴) چوری اور (۵) ارتداد کو موضوع بحث ٹھہرایا ہے اور ان سنگین جرائم کے سلسلے کی تمام تفصیلات بیان کی ہیں۔ پھر اس کے لیے شریعت نے جو سزا مقرر کی ہے، اس کے پس منظر کی وضاحت کی ہے۔ اس ضمن میں گواہوں کی گواہی کے بارے میں بھی بحث کی ہے۔

کتاب کے لائق مصنف جناب ابراہیم احمد الوقفی ازہر یونیورسٹی (مصر) میں علوم شرعیہ کی تدریس کے فرائض انجام دیتے ہیں اور کتاب کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ ان کے علم و مطالعہ کے حدود بہت وسیع ہیں۔ انھوں نے جس اسلوب سے مذکورہ سنگین جرائم کی سزا کے متعلق اظہارِ خیال کیا ہے، وہ ان کے وسعتِ معلومات پر دلالت کرتا ہے۔

ہمارے اہلِ علم کو اس قسم کی کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ موجودہ حالات میں صحیح نقطۂ نظر اختیار کرنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے۔

اس کتاب کی اشاعت پر ہم "دار العلم۔ اسلام آباد" کے ناظم مولانا بشیر احمد کو ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں، جنھوں نے اس بہترین کتاب کو بہت اہتمام کے ساتھ شائع کیا۔ کتاب جس طرح معنوی اعتبار سے [illegible] اسی طرح صوری لحاظ سے بھی دیدہ زیب ہے۔